https://www.mpboardonline.com

Serial Number

# E-805-U

Roll No. ....................................

Higher Secondary Examination (Regular) - 2020

## اردو اسپیشل

## URDU (Special)

| Total Questions : 25 | Total Printed Pages : 8 | Time : 3 Hours | Maximum Marks : 100 |
|---|---|---|---|

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

ہدایات :

(i) سبھی سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

(ii) جواب لکھتے وقت خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) 'یا' کرکے دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا ہی جواب لکھیں۔

(iv) تمام سوالات کے سامنے ان کا مقررہ نمبر درج ہے۔

(v) مختصر سوالات کے جواب تقریباً 30 الفاظ میں اور تفصیلی کا جواب تقریباً 75 الفاظ میں لکھیں۔

سوال 1: صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : [5]

(i) میاں آزاد پر پھبتیوں کی بوچھار کردی :

(i) رئیس زادے نے (ii) فوجی نے

(iii) رئیس کے مصاحبوں نے (iv) دوستوں نے

(ii) اس تھکن پر تو آپ کا یہ عالم ہے اگر تازہ دم ہوتے تو کیا ہوتا۔ یہ جملہ قاضی عبدالستار سے کہا :

(i) اخلاق اثر نے (ii) وسیم الدین نے

(iii) مجاہد اللہ خان نے (iv) ابراہیم یوسف نے

(iii) سترہویں صدی عیسوی کے شروع کی سب سے مشہور کتاب 'سب رس' کے مصنف ہیں :

(i) میراں جی (ii) امیر خسرو

(iii) مُلّا وجہی (iv) شیخ علاء الدین



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

(iv) ''صاحبو ! بات دسترس کی تھی'' اس مصرعے میں خط کشیدہ علامت ہے :

(i) سوالیہ (ii) ندائیہ/فجائیہ

(iii) ختمہ (iv) سکتہ

(v) علی سردار جعفری نے رسالہ جاری کیا :

(i) ذوق ادب (ii) نیا ادب

(iii) اردو ادب (iv) ہمارا ادب

سوال 2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے : [5]

عناصر خمسہ، برق، خلق، مخفف، خاندانی

(i) وہ اختیار ایسا ہوگا جیسا خدا نے ............... کو دیا ہے۔

(ii) سرسید، حالیؔ، شبلیؔ، محمد حسین آزاد اور نذیر احمد کو اردو نثر کے ............... کہا جاتا ہے۔

(iii) وہ الفاظ جن کو کبھی کبھی کم کر کے کلام میں استعمال کیا جاتا ہے ............... کہلاتے ہیں۔

(iv) رہے ............... نہ عزت کے قابل۔

(v) ............... کے کاندھے پہ لاتی ہے صبا گنگا جل

سوال 3: صحیح جوڑیاں بنایئے : [5]

| 'الف' | | 'ب' | |
|---|---|---|---|
| (i) | کالا پانی | (i) | مولوی عبد الحق |
| (ii) | فسانہ آزاد | (ii) | مولانا جعفر تھانیسری |
| (iii) | بابائے اردو | (iii) | پندرہ روز ہوئے پانی کو، منگل منگل |
| (iv) | صحت مند | (iv) | اودھ اخبار |
| (v) | نہ کھلا، آٹھ پہر میں کبھی دو چار گھڑی | (v) | سابقہ |
| | | (vi) | لاحقہ |



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال4:  درج ذیل جملے صحیح (✓) ہیں یا غلط (✗) نشاندہی کیجیے۔ [5]

(i) اخبار والے نے مصنف کو نئے سال کی مبارکباد دی اور پچاس روپے لے لیے۔ [ ]

(ii) امامت کے علاوہ مسجد کے صحن میں دکان کھولتے تھے۔ [ ]

(iii) 'غبار خاطر' حبیب الرحمٰن خاں شروانی کی لکھی ہوئی ہے۔ [ ]

(iv) بلاشبہ، آب دیدہ سابقہ ہے۔ [ ]

(v) ''کھینچتا ہے کوئی دامن کوئی لیتا ہے قدم'' مصرع صحیح ہے۔ [ ]

سوال 5:  ایک جملے میں جواب لکھیے: [5]

(i) سرشار کے ناول کس تہذیب کے ترجمان ہیں؟

(ii) جلسہ ختم ہونے پر قاضی عبد الستار کے کھانے کا انتظام کہاں کیا گیا؟

(iii) شاعر سینے میں کیا چھپانا چاہتا ہے؟

(iv) آخری مغل بادشاہ کا نام کیا تھا؟

(v) برق کے کاندھے پہ صبا کیا لے کر آئی ہے؟

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال 6:  اسٹیشن ماسٹر جگن سے کیوں چڑھنے لگا؟ [2]

[یا]

مجتبیٰ حسین کی کوئی دو تصانیف کا نام لکھیے۔

سوال 7:  اختر الایمان کسی ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہیں جم سکے؟ [2]

[یا]

مصنّف کے لیے قیام بھوپال کا سب سے مشکل مرحلہ کیا تھا؟

سوال 8:  آزاد رئیس کے مصاحب کیسے بن گئے؟ [4]

[یا]

نئے سال میں مبارک باد کے لیے آنے والے کارڈ کے بارے میں مصنف کا کیا خیال ہے؟



https://www.mpboardonline.com

سوال 9: مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے : [4]

(الف) ''ابھی چھٹے کرا کے دیتا ہوں صاحب'' صاحب نے جگن کی بات کی طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ شاید اس نے سنا بھی نہیں، مگر جگن یہ کہہ کر کہ ''ابھی چھٹے کرا کر دیتا ہوں صاحب'' قریب کی ٹی اسٹال کی طرف نوٹ تڑوانے کے لیے حتی الامکان تیز تیز چل پڑا۔

سوالات :

(i) مندرجہ بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے۔

(ii) جگن ٹی اسٹال کی طرف کیوں گیا ؟

(iii) بالا اقتباس کی سلیس اردو کیجیے۔

[یا]

(ب) بزرگوں سے سن رکھا ہے کہ سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں اور ہر سال کا آغاز جنوری کے مہینے میں ہوتا ہے۔ بزرگ کہتے ہیں تو پھر ٹھیک ہی کہتے ہوں گے مگر ہم نے جب حساب لگایا تو پتہ چلا کہ سال میں صرف گیارہ مہینے ہوتے ہیں اور ہمارا شخصی اور اصلی سال جنوری سے نہیں، فروری سے شروع ہوتا ہے۔ حساب کا یہ گھپلا کئی برس سے چلا آ رہا ہے۔

سوالات :

(i) مندرجہ بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے۔

(ii) مصنف کا اصلی اور شخصی سال کب سے شروع ہوتا ہے؟

(iii) مندرجہ بالا اقتباس کی سلیس اردو کیجیے۔

سوال 10: 'آپ بیتی' یا 'رپورتاژ' کی تعریف لکھیے۔ [4]

سوال 11: درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کے سوانحی حالات تحریر کیجیے۔ [4]

(i) اقبال مجید

(ii) رتن ناتھ سرشارؔ

(iii) مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال 12: 'نظم' یا 'قصیدہ' کی تعریف لکھیے۔ [4]

سوال13: درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کے خصوصیات کلام پر روشنی ڈالیے: 4]

(i) اختر سعید خاں

(ii) مظفر حنفی

(iii) بہادر شاہ ظفر

سوال14: مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: [2]

(i) تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال
دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارہ کر دیا

(ii) بادل کو کیا خبر ہے کہ بارش کی چاہ میں
کیسے بلند وبالا شجر خاک ہوگئے

(iii) عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

سوال15: درج ذیل بند میں سے کوئی ایک بند کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: [4]

(i) یہ جو ننھا ہے بھولا بھالا ہے
صرف سرمائے کا نوالا ہے
پوچھتی ہے یہ اس کی خاموشی
کوئی مجھ کو بچانے والا ہے

[یا]

(ii) جیون ایک مداری پیارے کھول رکھی ہے پٹاری
کبھی تو دکھ کا ناگ نکالے پل میں اسے چھپالے
کبھی ہنسائے کبھی رلائے بین بجا کر سب کو رجھائے
اس کی ریت انوکھی، نیاری، جیون ایک مداری



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال16 : شاعرہ نے بارش کو بے درد کیوں کہا ہے؟ [2]

[یا]

اندازِ ستم بدل جانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

سوال17 : مظفر حنفی کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔ [2]

[یا]

ترکِ تعلیم کے کیا کیا نقصانات ہیں؟

سوال18 : بینک کی کھڑکیاں روشن ہونے کا کیا مطلب ہے؟ [2]

[یا]

شاعرہ نے اپنے عہد کے بچّوں کو چالاک کیوں کہا ہے؟

سوال19 : ابو الکلام آزاد کا اسلوب بیان ان کو دوسرے انشاء پردازوں کے مقابلے میں ایک امتیازی شان عطا کرتا ہے۔ اس جملے کی وضاحت کیجیے۔ [4]

[یا]

اردو کی پہلی تصنیف کے متعلق محققین کی رائے کیا ہیں؟

سوال20 : خواجہ الطاف حسین حالؔی کی کوئی دو تصانیف کے نام لکھیے۔ [2]

[یا]

انوار سہیلی کا ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا؟

سوال21 : 'تلمیح' یا 'مجاز مرسل' کی تعریف مع مثال لکھیے۔ [4]

سوال22 : مندرجہ ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے : (کوئی پانچ) [5]

تاریخ، اوقات، آلام، بشر، ذکر، سامعین، شدید، حسن

[یا]

مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے : (کوئی پانچ)

آباد، آئندہ، اقلیت، ریاکار، رہبر، دانا، مصیبت



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال23 : اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو اپنی کلاس کا پنکھا ٹھیک کرانے کے لیے درخواست لکھیے : [5]

[یا]

موسمِ بہار کی تعطیلات گزارنے کے لیے آپ کسی دوست کے یہاں گئے ہو۔ وہاں سے اپنے والد صاحب کو خیریت سے پہنچ جانے کی اطلاع دیں۔

سوال24 : مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : (تقریباً 300 الفاظ میں) [10]

(i) خدمتِ خلق کا جذبہ

(ii) سائنس اور ہماری زندگی

(iii) حبّ الوطنی

(iv) سگریٹ نوشی کے نقصانات

(v) علم کی اہمیت

سوال25 : درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ [5]

انسان کی بدترین خصلتوں میں ایک تعصب بھی ہے۔ یہ ایسی بدخصلت ہے کہ انسان کی تمام نیکیوں اور اس کی تمام خوبیوں کو غارت اور برباد کردیتی ہے۔ متعصب اپنی زبان سے کہے مگر اس کا طریقہ یہ بات جتاتا ہے کہ عدل وانصاف اس میں نہیں ہے۔ متعصب اگر غلطی میں پڑتا ہے تو اپنے تعصب اس کے برخلاف بات کے سننے، سمجھنے اور اس پر غور کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر وہ کسی غلطی میں نہیں ہے بلکہ سیدھی اور سچی راہ پر ہے تو اس کے فائدے اور نیکی کو پھیلنے نہیں دیتا۔

سوالات :

(i) تعصب انسان کی کس قسم کی خصلت ہے؟

(ii) انسان کی نیکیوں اور خوبیوں اور تعصب کا کیا اثر پڑتا ہے؟

(iii) ہم کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ متعصب میں عدل وانصاف نہیں ہے؟

(iv) اگر متعصب سیدھی راہ پر ہو تو کیا ہوتا ہے؟

(v) اوپر لکھی عبارت کا ایک مناسب عنوان لکھیے۔



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com